صدقات سیو دا چلڈرن (Save the Children) کو ہی کیوں دئیے جائیں؟

چاہے ایک مرتبہ کے عطیات دیں یا ماہانہ عطیہ کا وعدہ کریں۔

اپنی توفیق کے مطابق عطیات دے کر آپ بچوں کی مدد کر سکتے ہیں کہ انہیں کھانا، دوائیں اور تعلیم میسر آئے تاکہ وہ بھی اس مستقبل کو حاصل کر سکیں جس کا انہیں حق ہے۔

آپ کی مدد مشرقی افریقہ کے بچوں کے کام آئے گی جہاں انہیں 40 برسوں کے شدید ترین قحط کا سامنا ہے۔ مشرقی افریقہ میں بارشوں کے مسلسل تین موسم خشک ہی گزر چکے ہیں اور اب چوتھی بار بھی یہی خطرہ ہے جس سے فصلیں اور جانور ختم ہو چکے ہیں۔ موسمیاتی تبدیلیوں، ٹڈی دل کے حملوں اور کوویڈ 19 نے مل کر اس خطے میں تباہ کن ماحول بنا دیا ہے۔

بچوں کی زندگیاں خطرے میں ہیں۔

آپ کے صدقات کس طرح سے مددگار ہوں گے؟

احمد، عمر ایک سال، غذائی بحران کے دنوں میں پیدا ہوا اور اب غذائیت کی کمی کے باعث اس کی زندگی خطرے میں ہے۔

مقامی مارکیٹ میں کھانے پینے کی اشیاء کی قیمتیں بڑھ چکی ہیں جس کے باعث گھر والوں کے پاس کھانے کی مقدار کم کرنے کے علاوہ کوئی چارہ نہیں۔

احمد کی والدہ نالا کہتی ہیں، ''ہم دن میں دو مرتبہ کھانا کھاتے ہیں ۔ ناشتہ اور دوپہر کا کھانا۔ رات کو نہیں کھاتے کیونکہ ہمارے ہی رات کے لیے بچتا ہی نہیں۔ پہلے ہم بچوں کے لیے دودھ خریدتے تھے لیکن اب وہ بھی چھوڑ دیا ہے۔''

انہوں نے صومالیہ کے شہر پنٹ لینڈ (Puntland) میں غذائیت کی کمی کے شکار بچوں کے بحالی مرکز کا چکر بھی لگایا۔ چند دن خاص فارمولا دودھ استعمال کرنے اور پھر زیادہ غذائیت والے مونگ پھلی پیسٹ کے 8-6 ہفتوں کے کورس سے احمد میں توانائی آنے لگی۔

غذائیت کی شدید کمی کی صورت میں یہ شاندار علاج ثابت ہو رہا ہے۔

احمد کی بحالی کی شاندار اور مکمل سٹوری پڑھیں

*فرضی نام

ہم مشرقی افریقہ کے بچوں کی مدد کے لیے کیا کر رہے ہیں؟

بہت سے بچوں کے لیے غذائیت کی شدید کمی (غذائیت میں سنگین نوعیت کی کمی - S.A.M) کا حل بے حد سادہ ہے: خاص فارمولا دودھ اور زیادہ غذائیت والی مونگ پھلی کا پیسٹ۔

ہسپتالوں اور علاج گاہوں میں ہمارے اہلکار S.A.M کا شکار بچوں کو زندگی بچانے دیکھ بھال فراہم کرنے میں مصروف ہیں۔ اپنے تھیلوں میں ہمارے کمیونٹی ہیلتھ ورکر مونگ پھلی کا پیسٹ خطرناک حد تک غذائیت کی کمی کے شکار بچوں تک پہنچا رہے ہیں۔ اس کے ساتھ ہم کمیونٹیز کو خشک سالی اور خوراک کی کمی کے لیے بھی تیار کرتے ہیں۔ یہ سب آپ کے تعاون سے ہی ممکن ہے۔

مسئلے کی نوعیت کو سمجھنا

غذائی عدم تحفظ کی اصطلاح ایسے حالات کے لیے استعمال کی جاتی ہے جب لوگوں کو قابلِ خرید قیمتوں میں غذائیت بھری خوراک تک قابلِ اعتماد رسائی نہ ہو۔

2022 کے دوران ایتھوپیا، کینیا اور صومالیہ میں 5.5 ملین بچوں میں غذائیت کی کمی کا خطرہ ہے جن میں سے 1.6 ملین کو غذائیت کی شدید کمی کا سامنا ہو گا۔

1.6 ملین لوگوں کو مدد کا انتظار ہے۔

S.A.M اور مشرقی افریقہ میں خوراک کی کمی پر تازہ ترین بلاگز (بلاگ پوسٹس انگریزی زبان میں ہیں)

خوراک کی کمی کی ذمہ داری ہم سب پر ہے

ہمیں اس بحران کی جڑ کو پکڑنا ہے ۔ موسمیاتی تبدیلی ہو، غربت ہو یا جنگ۔

اس میں برطانیہ کی ذمہ داری بہت اہم ہے۔ برطانوی امداد پہلے ہی زندگیاں بچانے اور کمیونٹیز کو مضبوط کرنے میں مددگار ہے۔ لیکن صرف امداد سے ہی وہ تمام بنیادی تبدیلیاں ممکن نہیں ہوں گی جن کی ضرورت ہے۔

مشرقی افریقہ کے بچوں کی مدد کے تین آسان طریقہ

کینیا، ایتھوپیا اور صومالیہ بھر میں غربت، موسمیاتی تبدیلی، کوویڈ اور جنگ نے مل کر جان لیوا ماحول بنا رکھا ہے، اس کے ساتھ S.A.M جنگل میں آگ کی طرح پھیل رہا ہے جس سے بچا جا سکتا ہے۔

ان حالات کو مدنظر رکھتے ہوئے دنیا بھر میں جو کچھ ہو رہا ہے، وہ مشکل ہے۔

تاہم، امید ختم نہیں ہوئی۔ لیکن ہمیں جلد سے جلد کچھ کرنا ہو گا۔

S.A.M کا پھیلاؤ روکنا: مونگ پھلی کی طاقت

ہر روز دل دہلا دینے والے نئے اعداد و شمار ہمارے سامنے آتے ہیں، پھر ہم انہیں فراموش کر کے آگے بڑھ جاتے ہیں لیکن ان تمام اعدادوشمار کے پیچھے کسی بچنے کی زندگی ہے۔ ایک انسان کی زندگی۔ جس کی اپنی صلاحیتیں تھیں۔ جس کے اپنے خواب تھے، کوئی نہ کوئی پسندیدہ رنگ تھا، اچھا دوست تھا، خوبصورت مسکراہٹ تھی، اور کوئی ایسا بھی جو اسے بہت پیار کرتا تھا۔